بعون صانع مکین و فضل خلاق زمین و آسمان
دریائے عشق
مطبع منشی نولکشور میں بہ طبع معقول چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کرتا ہون مین حمد و ثنا خدا کی
قدرت کی کچھہ اوس کے ہین عجیب رنگ
خلوت سے ہی انجمن مین آتا
ہر شے مین ہی ہین نور اوسکا
بلبل کو ہی جستجو اوسی کی
گہ لمعہ کلیم کو دکھایا
طوفان سے نوح کو بچایا
قہار بھی ہی رحیم بھی ہے
پروانہ و شمع بلبل و گل
ہمسے کبھی دور وہ نہین ہی
وصف اوسکا یہ سب پہ ہی ہویدا
ہی متفق اسمین قول سبکا
جو وہم و خیال سے ہی باہر
دانش کو بھی دخل ہو نہیں جہا
دانا ہے جہان یہان حیرت [illegible]

جیسے ہستی کی یہ بنا کی
انسان تو کیا ملک ہین حیران فلک
گل نیک ہی وہ چمن مین آتا
ہر ذرہ مین ہی ظہور اوسکا
قمری کو ہی آرزو اوسی کی
گہ جلوہ سے طور کو جلایا
یوسف کو بھی چاہ سے چھڑایا
جبار بھی ہی کریم بھی ہے
رہتے ہین اوسکی لو مین بالکل
شہ رگ سے زیادہ تر قریب ہے
ہر گز وہ نہین کسی سے پیدا
کہتے تھے تجھی ہمی ما عرفنا
پہچانے لیتے سمجھ ہی اسکو کیونکر
ہی ایسے جگہ [illegible] اولا
پہچان [illegible] قدر ایسی تاب ان
ہر سو [illegible] اپنا گر زبان ہو

حادث مین سبھی قدیم ہی وہ
گہ گل مین ہی گاہ خار مین ہے
ظاہر مین اگرچہ لامکان ہی
بیگانہ ہی وہ نہ وہ جدا ہی
حقا وہی عشق کے ہی لائق
امداد خلیل نار مین کی
یکتا ہے وہ ذات پاک لاریب
گہ غیر ہی گاہ یار ہی وہ
پنہان ہی وہی ہی ظاہر
مغرور ہی بے نیاز ہی وہ
اپنا ہی وہ آپ ہی شناسا
دنیا ہی سب ایکدن نابود
ہم عقل کہان سے اسقدر لائین
کیا جانین وہ ذات پاک ہی کیسا
ہم بندے ہین اور وہ خدا ہی
وصف اوسکا نہ کچھ بیان ہو

بے علم ہین سب علیم ہی وہ
گہ رنگ مین گہ شرار مین ہے
لیکن ہر ایک جا نمایان ہی
[illegible] آشنا ہی
معشوق کبھی کبھی ہی عاشق
یونس کو نجات حوت سے دی
بے شبہہ وہی ہی عالم الغیب
دشمن کا بھی دوستدار ہی وہ
اول ہی وہی وہی ہی آخر
رزاق ہی کارساز ہی وہ
اوسکا تو نہین کوئی شناسا
دائم وہ وہی رہیگا موجود
جو کنہ کی ذات پاک کی پائین
یہان بند ہی نطق انبیا کا
مالک ہی مرگ و زیست کا ہی

تاج الکلام نعت حضرت خیر الانام احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم

یکتا ہے جہان میں ذات احمد
لازم ہے کرون صفات احمد

ہے عاشق کبریا محمد
ہے خاتم انبیا محمد

وہ افسر فرق مرسلان ہے
وہ قاسم دوزخ و جنان ہے

وہ ہے گل گلشن نبوت
وہ ہے در درج ختم رسالت

دنیا میں نہ تھا ظہور اوسکا
پر خلق تھا پہلے نور اوسکا

جب خلق کیا تھا اوسنے کونین
اک ناز تھا صورت آفرین کو

اللہ رے رتبہ پیمبر
ہے جملہ پیمبرون سے بہتر

وہ شافع عاصیان ہے بیشک
ہوگا نہ ہوا ہے ایسا اب تک

وہ رونق گلشن جہان ہے
زینت دہ ہفت آسمان ہے

بے مثل ہے بعد حق وہ برحق
نور اوسکا ہے نور حق سے مشتق

قول اوسکا ہے اک قبول حق ہے
بے شبہہ و شک رسول حق ہے

دنیا کا بھی دین کا بھی حامی
کونین مین ہے وہی گرامی

ہوتا اوسکا اگر نہ حیلہ
بخشش کا تھا کوئی وسیلہ

اوسنے ہمین دین حق بتایا
اللہ کو ہمنے اوس سے پایا

خود جسکی کرے کبریا مدح
انسان پھر اوسکی کیا کرے مدح

منقبت حضرت امیر المومنین امام المتقین غالب کل غالب علی ابن ابی طالب علیہ السلام

جب وصف علی کرون مین آغاز
دکھلائی زبان خامہ اعجاز

سلطان دیار جان علی ہے
فوج دین کا نشان علی ہے

آئینہ حق نما علی ہے
شاہنشہ اوصیا علی ہے

وہ رہبر منزل یقین ہے
محبوب خدا کا جانشین ہے

وہ رونق دین مصطفے ہے
وہ عالم علم کبریا ہے

وہ ملزم بخشش و عطا ہے
بیشک وہ وصی مصطفے ہے

گمراہون کا وہی رہنما ہے
نام اوسکا ضعیفونکا عصا ہے

وہ عقدہ کشا ہے شیر حق ہے
ہمنام خدا ہے شیر حق ہے

ہے رونق مسند امامت
دیباچہ نسخہ کرامت

کہتے نہین ہم کہ وہ خدا ہے
پر حق سے علی نہین جدا ہے

کینے سے پاک اوسکا سینہ
اسرار خدا کا ہے خزینہ

ارشاد خدا ہے اوسکا ارشاد
کرتا ہے وہ بیکسونکی امداد

مشہور جہان ہے زور حیدر
اکدم مین اوکھاڑا باب خیبر

اللہ رے حسن جبہہ سائی
سجدے مین شہادت اوسنے پائی

رکھتا ہے یہ اوج روضہ پاک
خورشید ہے جسکا ذرۂ خاک

خم اس لیے ہے یہ چرخ اخضر
ہے طالب حکم بوسہ در

عالم جسے ماہ جانتا ہے
مہتابی قصر مرتضی ہے

معراج ہوئی تھی آپکو جب
تھا دست علی طعام مین تب

فرماتے تھے بار ہا پیمبر
ہے روح روان ہماری حیدر

مین جان ہون اسکی یہ ہے میری جان
مین اسپہ فدا یہ مجھپہ قربان

مجھسے نہین مرتضی جدا ہے
مثل رگ و پے بہم ملا ہے

جو عاشق مرتضی علی ہے
بے شبہہ و شک وہ جنتی ہے

جو اس سے پھرا ہوا وہ ناری
سمجھو اوسکو عدوی باری

جو بعد علی امام دین ہین
یعنی جو نبی کے جانشین ہین

سب ایک ہی نور سے ہین پیدا
قدر انکی جہان پہ ہے ہویدا

کیا مجھسے ثنائے پنجتن ہو
بس جان فدائے پنجتن ہو

سبب تالیف

اختر اب اوٹھا کلک فطرت
دکھلا دو روانی طبیعت

ہم بلبل گلشن سخن ہو
معنی کے چمن مین نغمہ زن ہو

عرصہ ہی قلیل زندگی کا — باقی رہے حوصلہ بندگی کا
بیٹھے سو عبث ملول و محزون — کچھ کھیلہ شکار مرغ مضمون

رنگینی فکر کچھ دکھاؤ — تالیف کا کچھ سبب سناؤ
اک روز تھے جمع کچھ پریزاد — بندہ غم و رنج سے تھے آزاد

کچھ شعر و سخن کا شغل تھا — دلمین بھی عجیب ولولہ تھا
تھا نشہ بادۂ جوانی — حاصل تھا سرور زندگانی

اوسوقت بلائین میری لیکر — کہنے لگی ایک ماہ پیکر
اچھے میرے پیارے جانعالم — قربان تمہارے جان عالم

ایک مثنوی ہمکو اور کہدو — دنیا مین نہین ہی جسکا شکوہ
اس طرز بیان پہ پیتے ہین ہم — اس پیاری زبان پہ جیتے ہین ہم

قبل اس سے جو مثنوی کہی ہی — وہ عشق سے سب بھری ہوئی ہی
افسانۂ عشق اوسکا ہی نام — آغاز بھی خوب اور انجام

پڑہ لینگے وہ قصہ بر زبان ہی — خوبان جہان کے حرز جان ہی
اسمین بھی ہو طرز عاشقانہ — مقبول کرے جسے زمانہ

کی مینے ہزار اوسے تکرار — کچھ بس گیا مگر نہ انکار
پھر آگئی جوش پر طبیعت — آمادہ ہوئی فکر بحر جودت

چھیڑی یہ داستان پر درد — پڑھکر جسے سنکو سب زن و مرد
چشم خامہ مین اشک بھر آئے — شعر بھی سنتے تو منہ ہو جائے

اکیسوین روز پایا اتمام — دریائے تعشق اسکا ہی نام
انصاف طلب ہون سامعین سے — رکھین نہ زبان آفرین سے

کیون معتقد ہو لوگ کیونکر — اس فن مین ہی کون میرا ہمسر
مین گوہر بحر شاعری ہون — ہین فخر کلیم و انوری ہون

مین آبروئے در سخن ہون — ہر شعر ہی میرا رشک افسون
اعجاز رقم ہے میرا خامہ — ہر نظم ہے ایک کارنامہ

سر مست می سخن سے ہین ہم — جامی کیا ہوگا ہمسے ہم جم
ہمثل ہین آج ہم سخنور — گر چاہین تو صورت سمندر

ہر مضمون سمائین پل مین — ملک سخن اپنی ہی عمل مین
پیرو اپنے ہین سب سخنور — کرتے ہین بیت اوب سخنور

شاگرد کسیکا مین نہین ہون — ہی میری ازل سے طبع موزون
پیشہ نہین میرا شاعری کچھ — دعوی نہین اسکا یان ابھی کچھ

اک طبع کا یہ بھی مشغلہ ہے — الفت کا جو دلمین ولولہ ہے
تفریح کے واسطے کبھی کچھ — موزون کر لیتے ہین ابھی کچھ

کیا یان ہی دماغ آج کل سے — معشوق مزاج ہون ازل سے
تقریر یہ سب تھی شاعرانہ — آگاہ ہوا اس اک زمانہ

یان عجز پسندی طبیعت — بھاتی نہین بندہ کو رعونت
کیا کیا کیجیے فلک کا شکوا — کچھ درد جگر بھی سنیے میرا

خورشید ہی جس فلک پہ اختر — جس باغ کا ہی گل معطر
تھا اسم مبارک اونکا ای آہ — شاہ امجد علی فلک جاہ

افسوس کہ اب وہ رشک فغفور — حضرت جنت مکان ہین مشہور
تعلیم کا اونکے ہی یہ سب فیض — ہوتا ہی کسی سے ایسا کب فیض

عاشق تھے میرے وہ شاہ والا — مین چاند تھا او تھے وہ ہالا
مجھکو بھی بدل تھی اونسے الفت — حد سے بھی سوا تھی کچھ محبت

کیا اونکی مفارقت ہی جانکاہ — کچھ دل ہی ہی اس الم سے آگاہ
لیکن یہ گلہ ہی آسمان سے — کیا جلد اوٹھالیا جہان سے

دم بھر نہین بھولتا وہ غم آہ — اس سن مین یہ داغ آہ فلک نے
اسد بہ ملال کر نہ اے دل — رنج بیفائدہ سے حاصل

دنیا کا یہی ہی کارخانہ — دکھلاتا ہی گردش زمانہ
ہین راحت و غم سلف سے توام — رکھ طبع کو اپنی شاد و خرم

لو جودت طبع اب دکھاؤ — مشتاق ہین داستان سناؤ
اے بلبل خامہ ہان چہک اب — تو بھی گل فکر سے مہک اب

اندر کہیں جو تھے والیان تھیں — سب یار زنگی دیکھی بھالیاں تھیں
وہ اسکی کمر نزاکت ہوش — وہ موتی کے جھالے زینت گوش

تاسے وہ دیکھنا زچا کا — تیغوں کا وہ اسکے سر پہ سایا
جوڑا اپنے پہنے ہوئے وہ بھاری — اک ماتھے پہ موتیوں کی پٹی

نکلا ہوا کس ادا سے گھونگھٹ — ارباب محل کا گرد اک غٹ
بغلوں میں دیے ہوئے وہ سب ہاتھ — اسپند بھی بہر چشم بد ساتھ

کس ناز سے صحن میں وہ آنا — وہ ضعف سے پاؤں تھرتھرانا
افشان جبین پہ جلوہ آرا — ٹیکا صبح جبین کا تارا

کاجل کی وہ آنکھوں میں گھلاوٹ — مستی کی لبون پہ تھرتھراہٹ
وہ ناک میں نتھ کی خوشنمائی — رونق زیور نے اوس نے پائی

وہ زرد ہوئی تھی گوری رنگت — حد سے تھی زیادہ وہ نقاہت
آغوش میں وہ بلند اختر — ہالے میں ہو جیسے ماہ انور

بشاش ہر ایک ماہ طلعت — اک شور مبارک و سلامت
شور نقارہ و دہل تھا — میر اسندوں کا جدا یہ عمل تھا

واری دلوا کے نچھاور — انعام میں لونگی جھولیا بھر
ہے آج ہمارے لینے کا دن — ہے آج حضور دینے کا دن

دروازے پہ شور شادیانہ — اندا ہوا سیر کو زمانہ
پائی ہمو نے جب فراغت — ازبسکہ تھی سستی و نقاہت

گھر میں بجی تھی جو سہری — کس ناز سے اوسپہ جا کے بیٹھی
خلعت کیے سب کو پھر عنایت — انعام دیا بقدر رغبت

مہمان سب اپنے گھر سدھارے
رخصت ہوئے طائفے بھی سارے

اصرار کردن غزالہ از مادر و پدر خود برای سیر و بیرون آمدن از تہ خانہ

ساقی کوئی پھول بھر دے جام — تا سیر چمن ہوئے گل اندام
بیٹھا رہوں گوشہ گیر کب تک — بیچم رہوں اسیر کب تک

دیکھوں کیفیت جہان کچھ — خط زیست کا پاؤں عمر ان کچھ
اس کنج الم سے جلد نکلوں — قید غم سے کہیں رہا ہوں

تنہائی کے رنج سہتے تا کے — اک گوشے میں بیٹھے ہیں یہ تاکے
اب لیں ہوائے بوستان ہے — گلگشت کا شوق ہے یہاں ہے

تہ خانے ہی میں غرض شب و روز — پلنے لگی وہ مہ دل افروز
منحوس ونونسے تھی جو وحشت — کرتے تھے کمال سب حفاظت

بند اوسکے کیے تھے سارے روزن — دیکھے نہ صبا بھی تا کہ دامن
جب خیر سے گذرا اوسپہ اک سال — بانٹا ماں باپ نے زر و مال

وہ مہ ہوئی پانچ سال کی جب — بسم اللہ دھوم سے ہوئی تب
رکھی گئی نوکر ایک آتو — تعلیم ہوتا کہ وہ سمن رو

خدمت میں جو اوسکی تھیں حسین — مہ پارہ تھی ایک ایک لعین
سن اوسکا ہوا جو ہشت سالہ — جو بن اوسنے غضب نکالا

نہ سالہ ہوئی جو وہ پری رو — پائی آفت کی چشم و ابرو
فرزند وزیر و دختر شاہ — باہم تھے برنگ زہرہ و ماہ

باہم کب تھے وہ قرۃ العین — اک برج میں تھا قران سعدین
اک روز کا اصطلاح ہے مذکور — ماں باپ سے اپنی لیلی وش کہی

رہنا نہیں یہاں ہمیں گوارا — گھبراتا ہے دل بہت ہمارا
تہ خانے میں ہوئیں زندہ گور — باقی نہیں ایک روزن نور

کب تک رہوں تنگ دل یہ رہنا — انسان ہوں میں یا کہ حیوان
سنتی ہوں کہ ہے زمیں کی صورت — ہے صبح بھی کوئی چیز حضرت

کہتے ہیں کہ آسمان بھی ہے — معلوم نہیں کہ ہے وہ کیا شے
کس چیز کا مہر و ماہ ہے نام — فرماتے آئے ہیں وہ کس کام

سنکر یہ کلام اوس قمر سے — الفت سے کچھ اوسکی کچھ خبر سے
ماں باپ لگے حساب کرنے — وہ گل لگی ٹھنڈی سانس بھرنے

بولی پھر لاڈ سے مچل کر
اب جلد نکالو مجھکو باہر
رہنے کی نہین یہان جانشا
دیکھونگی سحر کا مین تماشا
کیا قید مجھے کیا ہے تمنے
آفت مین پھنسا دیا ہے تمنے
کیسے ہین یہ آپ میرے شیدا
کاش اس سے تو ہوتی مین نہ پیدا
سمجھانے لگا وہ شاہ والا
ضد اتنی کرو نہ جان بابا
نکلوگی تم آج کل مین گھر سے
آگاہ نہین تم اس خبر سے
مان بولی گلے لگا کے واری
پیارا او داس ہو تمھاری
صدقے گئی رنج تم نہ کھاؤ
اپنے دلکو نہ تم کڑھاؤ
دو چار ہی دنمین اے گل تر
مین تمکو نکالتی ہون باہر
گلگشت چمن کا گر ہو ارمان
تو شوق سے جائیو میری جان
شہ نے اوسوقت باہر آکر
فرمایا وزیر دون کو بلاکر
دو حکم یہ کوتوال کو جلد
آراستہ چوک سارا ہو جلد
باہر نکلے گی شاہزادی
برپا ہو گی بزم شادی
دوکانین ہون شہر بھر کی رنگین
طیار ہون لوگ حسب آئین
آراستہ ہون تمام بازار
ہو پست و بلند راہ ہموار
ہر ایک مکان بھی وہ سجا جائے
قیصر قیصر کو جسپہ رشک آئے
طیار ہو جلد ایک نیا باغ
فردوس کی ہو جسپہ سو داغ
نام اوسکا غزالہ باغ دھرنا
آراستہ خوب اوسکو کرنا
پہونچا جسوقت حکم سرکار
حاضر ہوئے باغبان و معمار
ہونے لگی باغ نو کی تعمیر
جسطرح ہو بوستان تصویر
نو ماہ مین ہو گیا وہ طیار
رضوان کو بھی دیکھکر ہو [illegible]

حمام نمودن غزالہ و آراستہ شدہ در باغ نو تعمیر رفتن

ساقی ہی آتشین کا دے جام
تا گرم مین ہو کے جاؤن حمام
دل جہان دیا ہے خار غم نے
دیکھا نہیں کچھ جہان کا ہم نے
خوب آج چھکون ترے کرم سے
باہر نکلون گا قید غم سے
پیکر مین شراب ارغوانی
کچھ دیکھون بہار نوجوانی
سنتے ہین بہار پر ہی گلشن
ہی لالۂ و گل پہ زور جوبن
اک جام مئے طرب بھی ہونگا
ارباب نشاط کو سنونگا
اب لکھتا ہی مجھکو وصف شادی
حمام کرینگی شاہزادی
آیا جو مین دن وہ عشرت اندوز
تھی جسکی خوشی اوسے شب و روز
ہونے لگے جمع سارے مہمان
شادی کا ہوا درست سامان
طیار ہی وہ حاضری کی اک جا
مجلس کی بنا کہین تھی برپا
طیار ہی وہ رت جگے کی شب بھر
سحنک کی دھوم دن کو اندر
سیدانیونکا وہ کونڈے کھاتا
وہ لوگونکا ستنین پڑھانا
اک دیتی تھی دونے پر گھڑی نیاز
روزہ کوئی کھولتی تھی پساز
مان اوسکی بھی ستنین پڑھاتی
افراط خوشی سے کانپ جاتی
گر مانگتی اوس سے کوئی انعام
کہتی گھبرا کے وہ گل اندام
دم بے دم لے خدا ٹھہر جا
دوڑی دوڑی محل مین اچھا اچھا
ہنگامۂ اہل بزم اک سو
ہرسمت محل مین جمع جھرمٹ
چھلین اک سو وہ کم سنونکی
آمد وہ شباب کی دنون کی
نوبت کی تکوریں تھین وہ دلکش
کرتے تھے ملک بھی سنکے رقص
میراسنونکا شہانی گانا
آفت کا وہ ناچنا بتانا
نکھری ہوئی وہ ہر ایک تن مین
وہ جوڑے گلے مین سب کے رنگین
آراستہ یہان تھی بزم شادی
حمام کو گئی جو شاہزادی
کرنے لگی غسل وہ عمل آرام
نہلانے لگی ہر ایک گلفام
تھا ایک کے پاس طشت زرین
گیسو کرتی تھی کوئی خودبین
اک جوڑ لیے تھی تیل بیسن
کنگھی کرتی تھی کوئی پرفن
وہ پریونکا پاؤن ایکے دھونا
تلوؤن پہ ہیت اسکے [illegible]

عالم تھا چاہِ ذقن پہ مائل ۔ قید اوسمیں تھا لاکھوں کا دل
تھا چاہ ذقن پہ خال خوشتر ۔ رہتا تھا کنوئیں میں یا کبوتر
وہ کان تھی برگ گل سے خوشتر ۔ یا پہلو سے یہ ہیں وہ تھی اوتر
زلفیں بن گوش تھیں وہ پرضو ۔ شرمندہ ہو جس سے شمع کی لو
اس درجہ ملیح تھا زنخدان ۔ زیبا ہے اگر کہیں نمکدان
تھی صبح جبیں کی شام زلفیں ۔ ہر طائر دل کی دام زلفیں
وہ زلف سیہ تھی زینت دوش ۔ عشاق کے سوگ میں سیہ پوش
سانچے میں ڈھلی ہوئی تھی گردن ۔ تھی نور میں مثل شمع روشن
کیا آن ادا خدا نے دی تھی ۔ چھپ تختی وہ اوسکی نور کی تھی
سینہ تھا برنگ لوح بلور ۔ چھاتی تھی ہر ایک قبۂ نور
وہ چھاتیونکی غضب تھی سختی ۔ اب سیب میں ایسی ہو کرتی
یا گوہر دلبری کی تھیں درج ۔ یا قلعہ حسن کے تھے دو برج
آئینہ کی طرح پیٹ تھا صاف ۔ گرداب محیط حسن تھی ناف
کیا پاتا کمر کو اوسکی جو یا ۔ آئینہ میں عکس ہو تھا گویا
تھی اوسکی کمر لطیف از فہم ۔ تھی تار نگاہ دیدۂ وہم
ساعد یوں آستین میں پرنور ۔ فانوس میں جیسے شمع کا نور
ہاتھوں میں حنائی وہ تزئین ۔ تھی پنجۂ مہر دست رنگین
ساعد تھیں وہ شاخ نخل طوبیٰ ۔ پرنور تھیں مثل دست بیضا
پرنور تھی اوسکی کیا کف پا ۔ تھی عارض حور یا کف پا
بوٹا سا وہ قد تھا اک قیامت ۔ یا نخل مراد تھی وہ قامت
انداز و ادا کرشمہ و ناز ۔ اوس میں غیرت حور کے تھے دمساز
پتلوں کی بناوٹ میں وہ آفت ۔ آنکھوں کی لگاوٹیں قیامت
بن ٹھن چکی جب وہ ماہ تابان ۔ اک قدرت حق ہوئی نمایان
مشاطہ نے اوسکی لیں بلائیں ۔ ماں باپ نے دیں بہت دعائیں
نکلی جو چمک کے وہ پری وش ۔ زہرہ کو فلک پہ آگیا غش
ننھی شرم سے ماہ نے چھپایا ۔ خورشید بھی سامنے نہ آیا
اور اوس وقت بھی اک خوشی تھی ۔ اک دھوم محل میں مچ رہی تھی
شہزادی کی ماں کی پاس آکر ۔ کہتی تھی یہ سبکے ہر گل تر
شادی ہو یہ آپکو مبارک ۔ کہتی تھی تمام ہو مبارک
مجمع وہ پری رخوں کا ہر سو ۔ وہ صحن محل میں سبکے حق ہو
کرنے لگے نقلیں سارے نقال ۔ بٹنے لگا سبکو سیم و زر و مال
تو لیونکی صدا سے تھی فلک تک ۔ پر زہرہ کا دیکھتا تو نیرنگ
سیماب میں فرق پڑ گیا تھا ۔ بنکر نقشہ بگڑ گیا تھا
ٹلتا ہیں بخت بد کا لکھا ۔ اک روز وہ سامنے ہے آتا
القصہ کہ باغ تر میں وہ گل ۔ داخل ہوئی بہ صد تجمل
وہ باغ تھا رشک باغ شداد ۔ خوشتر قد حور سے تھی شمشاد
ایسا تھا وہ گلشن نگارین ۔ رضوان جس باغ کا تھا گلچین
وہ قمقمۂ نور چکور ہر سو ۔ وہ سرو پہ قمریوں کی کو کو
طاؤس کی سیر اوف تھی دل افشان ۔ وہ نغمۂ طائر خوش الحان
وہ ابر سیہ کا گھر کے آنا ۔ بجلی کا وہ اوس میں کوندجانا
کرتی تھیں وہ شور آبشاریں ۔ بگلوں کی وہ ابر میں قطاریں
وہ نالۂ رعد عاشقانہ ۔ مرغان چمن کا وہ ترانہ
وہ نہر چمن کی آب داری ۔ شاداب وہ ایک اک کیاری
وہ بلبل باغ کا چہکنا ۔ ہر گل کا چمن میں وہ مہکنا
شمشاد کسی طرف لب جو ۔ غیرت افزائے قد دلجو
وہ عطر فروش نکہت گل ۔ وہ طرۂ حور زلف سنبل
ترشی ہوئیں شیشیاں حنا کی ۔ شوخی روش پہ وہ صبا کی
لالہ جو کھلا تھا اب سوسن ۔ طرفہ وہ دکھا رہا تھا جوبن
تھا سرخی لالہ سے یہ روشن ۔ گویا پھولی ہے شام سوسن
سرخی روش پہ وہ کٹی تھی ۔ گویا جدول کھچی ہوئی تھی

خونناب جگر بھی رنگ لایا
خشکی نے لئے لبون کے بوسے
ہوتی ہے جو دل کو دل سے اک یاد
ان باپنے میرے سچ کہا تھا
یہ شخص کہان کہان مین اے دل
جوبن پہ سدا تھی اپنے مغرور
فرہاد پہ نام دھرتی تھی مین
مجھپہ بھی پڑیگی یہ مصیبت
کیا تونے کیا سلوک یہ آہ
اب کس سے کہونگی درد دل آہ
کیونکر مری آنکھ چار ہوگی
پوچھین جو مرض تو کیا بتاؤن
یہ بھی تو مجھے خبر نہین آہ
کس شہر کا شہریار ہے یہ
سر دیر سے پھر رہا ہے میرا
سب لوگ بھی پاس سے اب سرکائین
سنتے ہی یہ لوگ ہٹ گئے سب
فریاد و فغان وہ کرتی تھی گاہ
سر دھنتی تھی گاہ او دا سی کر
سنبل زلفونکی بو سونگھا کے
قمری تو ہی ڈھونڈھ کر کے کوکو
کس سمت کدھر گیا مرا گل
کرتی تھی جو وہ فغان و شیون
ہر نخل بنا تھا نخل ماتم
کس کرب مین تھی وہ غیرت ماہ

آنکھونکی طرح سے دل بھر آیا
زردی ہوئی رنگ رخ پہ صدمے
معلوم تھی دونون کو یہ چاہ
قسمت مین یہ غم لکھا ہوا تھا
ہے نام و نشان پہ ہوئین مائل
زینت تھی ہمیشہ اپنی قسمت
مجنون پہ بھی طعن کرتی تھی
آئی ہے یہ ایک روز آفت
اب ہم نرہے کہین کے واللہ
کسطرح چھپاؤنگی مین یہ چاہ
چھپتی نہین درد و غم کے روگی
اس راز کو کسطرح چھپاؤن
کس شخص کی قید مین ہے یہ ماہ
کس ملک کا تاجدار ہے یہ
جی سست ہوئے ڈرا ہے میرا
دم بھر نہ یہ اور میرے پاس آئین
تنہا رہی وہ شکستہ دل جب
پیہم دم سرد بھرتی تھی گاہ
کہتی تھی کبھی ہراس ہو کر
شمشاد وہ قد تو ہی دیکھاوے
پر تو ہی دکھاوے ای لب جو
صورت دکھلا کے دے گیا جل
بیرنگ ہوا تھا سارا گلشن
ہر سرو پہ آہ کا تھا عالم
اک کنکری اوسنے پائی ناگاہ

کی درد جگر نے شہریاری
آشفتہ سری نے پاؤن پھیلائے
ضبط اوسنے کیا مگر بدقت
معلوم نہین یہ ماہ تابان
صورت سے کسی کی تو تھی آگاہ
سنتی تھی نہ ذکر عشق کا مین
آگاہ [illegible] اپنی تھی [illegible] شاکر
کیون عشق یہ کیا دکھایا نیرنگ
قابو مین نہین رہا مرا دل
ہر وقت جلیسین طعنہ دینگی
اس غم مین سدا گھٹا کرونگی
کسطرح کٹیگی ہجر کی رات
آیا بھی تو کس پہ دل یہ آیا
کہنے لگی پاس انسے وہ حور
تشریف حضور یانسے لیجائین
کچھ دل مین گمان بد نہ لانا
روئی آنکھ کھول کر خوب
اوس تخت کا تھا خیال اوسکو
بلبل تو چہک اگر خبر ہے
او باد صبا ذرا ترس کھا
غنچے تو چٹک کے بول اللہ
او خار نہ تو رو کا دامن
کیا کہیے کہ رنگ باغ کیا تھا
ہر برگ درخت ملتا تھا ہاتھ
کیا دیکھتی ہے وہ ماہ پیکر

کرنے لگی رو کے نالہ و زاری
دو ضعف کو زور دینے پائے
کہنے لگی دل سے پھر بحیرت
انسان ہے یا کوئی پری یان
واقف بھی تھی نہ کہ کیا ہے عشق آہ
ہنستی تھی جلیسون پر سدا مین
اس حال سے بدتر ہوا مین آہ
ظالم تیرے بھی ہین عجیب ڈھنگ
کس [illegible] گیا دل
آوازے سدا کیا کرینگی
مان باپ سے حیلے کیا کرینگی
کیونکر اب ہوگی [illegible]
خود جسکو ستم ظلم پایا
اب جو مین [illegible]
اچھی ہو مین کچھ نہ آپ گھبرائین
ہے فضل خدا نہ رنج کھانا
ٹکرایا ہے اک شجر سے سر خوب
غم ہجر کا تھا کمال اوسکو
گل تو ہی چہک بتا کدھر ہے
وہ تخت ادھر اوڑا کے لا آ
سوسن تو زبان کھول للہ
تونے بھی نہ اوسکو لوٹا سوسن
کچھ اور ہی گل کھلا ہوا تھا
نالان بلبل بھی اوسکے تھی ساتھ
نقرہ یہ لکھا ہوا ہے اوپر

تم دخل نہ دو خدا کو مانو
قسمت سے نہین بشر کو چارا
وان رنگتی تھی جوڑا زعفرانی
وہان بینیان ہو رہی تھین طیار
وان عطر کی شیشیان تھین طیار
یہان دردوسی ماہرو کا تھا نام
مطلب نہین بندیکو کسی سے
میرے لیے تو اوٹھائے آفت
کہہ کہہ کے یہ روتی تھی وہ دن رات
کہنے لگی ہائے یار جانی
سانچق کی سنی جو آمد آمد
رخسار تھا جو نسے کیے لال
غم سے ہوا حال دل دگرگون
جسوقت اوسے دلھن بنایا
لیکن تھی وہ حور دور اندیش
تھوڑی سی رہی تھی رات باقی
طیاری تھی باغ مین جو ساری
محفل مین ہوا وہ جلوہ آرا
طیاری وہ روشنی کی ہر جا
زردی رخ شمع پر وہ چھانا
وہ طائفون کا ہجوم کرنا
روشن چوکی کا پھر وہ بجنا
دنیا کی وہ ریت رسم ہونا
سمجھاتے تھے لوگ اوسکو واہی
اے میرے خدا مری مدد کر

تم کیا مرے دل کا حال جانو
نا چار وہ شادی کی گوارا
یان غصے سے رنگ ارغوانی
یاد آتے تھے یان لب شکر بار
یان ساغر چشم تھی گہر بار
کہتی تھی یہ رو کے اے گل اندام
الفت ہے یہ دل مجھے تجھی سے
اور غیر سے مین ہوان محو حسرت
کٹتی تھی اسی الم مین اوقات
برباد ہوئی مری جوانی
صدمہ ہوا اوسکے دل پہ بیحد
کمھلا گئے غم سے گلشن گال
دل شل تھا ہوا پر از حزن
دلہن پہ خیال اوسکے آیا
کہنے لگی دل سے ایدل [illegible]
جو دھوم مچی برات آئی
بیٹھی وہین جا کے سب براتی
گرد اوسکے ہر ایک ماہ پارا
آراستہ باغ بھی وہ سارا
تاروں کا فلک پہ جھلملانا
بہر انعام دھوم کرنا
وہ صبح کی توپ کا گرجنا
شہزادی کا چپکے چپکے رونا
موقوف کرو یہ آہ و زاری
اسوقت دعا مری نہ رد کر

یان خنجر غم سے دل تھا افگار
ماتھے کا جو وان قریب آیا
وان تیسا تھا سینہ کا کندنا
ہوتا تھا اودھر قطع جوڑا
دولہا کا جو کوئی نام لیتا
میرا تو بچی پہ دان ہر فریاد
[illegible]
میرے لیے [illegible] تو
ماتھا اور [illegible] چھپایا
جوڑا ہے یہ آخرت کا پہننا
جس روز کہ مہندی کی شب آئی
مہندی بھی عرض وہ محو الفت
آئی جسدن برات کی رات
[illegible]
[illegible]
ہنگامہ تھا جا بجا سو گل مین
نوشاہ دلہن کے در پہ آیا
[illegible] جلو ناچ گانا
مشرق سے عیان سحر کا ہونا
قاضی کا دم سحر وہ آنا
وہ بیچ وہین ملکی سب کا گانا
نوشاہ کا وہ محل مین جانا
وہ ڈومنیون کا لوٹنے گانا
اوسوقت دولھن نے ہو کے مضطر
دامن مرا یہ نہ چھونے پائے

سمجھاتے تھے وان اگر کیا غمخوار
رنگ اوڑ گیا پیچ و تاب کھایا
ہاتھ کر دیان کی تھی یہان تمنا
یان رخت کفن کی تھی تمنا
ہر دم اوسے تازہ داغ دیتا
ملنے کا ترے ہی ہے اب ارمان
قربان کرو مین تجھپہ اوسکو
ہو اور سے میرا گرم پہلو
ایک جان پہ اوسکی قہر ڈھایا
مشکل ہے اب اپنا زندہ رہنا
وہ لالہ عذار رنگ لائی
ملنے لگی اپنے دست حسرت
تڑپی وہ بہ مبتلائے آفات
ہوا نام یہ ماہرو کے قربان
زندہ ہین تو ایکدن ملینگے
آپہونچی برات ایک پل مین
[illegible] وان [illegible] جگہ پایا
کس نور کا وقت تھا سہانا
بے نور رخ قمر کا ہونا
دولہا کا نکاح وہ پڑھانا
انعام کے وقت راگ لانا
لاکر وہ دولھن کا پھر بٹھانا
مصحف اور آرسی دکھانا
اللہ سے کی دعا یہ رو کر
صحبت پہ مری نہ حرف آئے

دولھا کی تو اوسنے تسکین کر لی
شہزادی کو دی پر اوسنے تسکین

پوچھا اوسنے کہ اے دل آرام
کیون روتی ہے تو ترا ہے کیا نام

یہ دن ترے یہ شب غریبی
بیطاقتی اور یہ شکل تیری

تو کونسے دکھ مین ہے گرفتار
جو ابر کی طرح ہے گہربار

کیا تجھپہ فلک نے دکھ ہے ڈالا
کس واسطے کرتی ہے تو نالا

کیون بھرتی ہے ٹھنڈی سانس ہر دم
کس بات کا دل پہ ہے ترے غم

کیون زرد ہین گل سے تیرے رخسار
کس بات کا دکھ ہے تیرے غمخوار

آزردہ ہے بیاہ ہونے سے تو
کیون بہتے ہین تیرے ہر دم آنسو

یا ماں سے تو اپنے کچھ خفا ہے
کیون ماں سے اپنی پھیرا ہے

تقصیر بتا تو مین سزا دون
احوال یہ تیرا ہے جگر خون

کرتی تھی بیان یہ وہ نالان
تھا سبز قبا بھی سخت حیران

کچھ مجھسے بیان حال دل کر
للہ مجھے نہ اب خجل کر

ڈرتی تھی نہ حال کہتی تھی کچھ
دل کا نہ ملال کہتی تھی کچھ

ایسا تو خشمگین یہ ہو جاسے
دشمن نہ مرا کہین یہ ہو جائے

بولی ڈر کر وہ شوخ زیبا
کہہ دونگی کبھی مین حال اپنا

ہے خوف زدہ یہ غیرت گل
اس واسطے ہے اسے تامل

دہشت ہے تجھے عبث سمائی
تو میری بہن مین تیرا بھائی

جب اوسنے یہی کہا تو وہ حور
دلمین بہت اپنی ہو کے مسرور

دو چار گھڑی کے بعد اوسنے
لب صورت غنچہ اپنے کھولے

کہنے لگی اے شفیق و غمخوار
گر مجھسے ملاؤگے مرا یار

چپ ہو گیا شاہ جن یہ سنکر
رونے لگا خود بھی سر کو دھن کر

اب اوسکا پتا لگاؤنگا مین
کل پھر تلاش جاؤنگا مین

کہتا تھا کہ کیا کرون مین اللہ
کیونکر مین ملاؤن اس سے وہ ماہ

رہنے کو دیا اک اوسکو گلزار
رہنے لگی وان وہ ماہ رخسار

کہنے لگی ایکدن وہ ناشاد
شہزادے پہ کی ہے کیونکہ بیداد

دونون کو وہ اپنے گھر مین لایا
حال ملکہ رو دی جو پایا

حق نے تجھے حسن وہ دیا ہے
جس سے خورشید چھپ رہا ہے

انسان ہے لیکے تا اجنا
اس روز کی کہتے ہین بہنا

بخشا ہے تجھے حق نے ایسا شوہر
جو حسن مین چاند سے ہے بہتر

کیون صورت آئینہ ہے حیران
کیون زلف کی طرح ہے پریشان

کیون نرگس چشم ہے تیری تر
ہین کس لیے لخت دل قطرہ پر

کچھ دولھا نے دی ہے تجکو ایذا
مین بھی تو سنون یہ حال کیسا

ماں باپ تجھے نہ چاہتے تھے
بے تیری رضا کہ بیاہتے تھے

دولھا کو بھی باندھ لایا ہوتین
جو تیری رضا ہو وہ کرون مین

رونے لگی سن کے یہ غزالہ
جاتا تھا فلک پہ اوسکا نالہ

پھر بولا کہ ہم سے ڈر نہ للہ
ہر حال مین تیری ہون مین ہمراہ

کچھ منہ سے تو وہ نہ بولتی تھی
تھا آتش ہجر وصل یار کی تھی

تشویش تھی اوسکو پڑ رہی یہ
ڈرتی تھی وہ دلمین ہر گھڑی یہ

تو بات بنی ہوئی بگڑ جائے
ایسا نہ ہو گھر مرا اوجڑ جائے

تب سبز قبا یہ دل مین سمجھا
کہتی نہین یہ جو حال اپنا

بولا کہ نکر تو کچھ خیال ڈر
ہم لوگونکے ہوتے یہ نہین طور

لے اب تو بتا دے کیون ہے غمگین
اس غم سے مین دونگا تجھکو تسکین

بولی رو کر برنگ دریا
اے بھائی کہونگی حال اپنا

احوال کیا سب اپنا ظاہر
درد جگری سے کر کے ماہر

گویا کہ بچاؤگے مری جان
جیتے جی نہ بھولونگی یہ احسان

بولا وہ برادر وفادار
کچھ رنج نکر تو اے دل افگار

کہتے تو کہا مگر تھا حیران
اس فکر مین تھا بہت پریشان

معلوم مجھے پتا نہین کچھ
صورت سے بھی آشنا نہین کچھ

خاطر سے غزالہ کی وہ دلسوز
کرتا تھا تلاش اوسکو ہر روز

بیجرم ہوا ہے یہ گرفتار
اسکا نہین کچھ قصور زنہار

سب اپنے نصیب کی ہے خوبی / کچھ اسمین نہین خطا کسی کی
گروا دو اسے قید سے تم آزاد / ایذا مین بہت ہوا ہے ناشاد
پہونچا دو اسے تم اسکے اب گھر / سب اسکے عزیز ہونگے مضطر
لکھوا لو تم اس سے اب مچلکا / اس راز کو تا کرے نہ افشا
رہتا تھا یہان وہ شاہ نیک / کہتی ہے مچلکا لکھدیا ایک
پہونچا دیا اوسکے گھر پھر اوسکو / داخل ہوا گھر مین جب وہ خوشخو
اک عید ہوئی تمام گھر کو / شادی ہوئی مادر و پدر کو
کی فرط خوشی سے ہوگئے سب / گرد اوسکے کیا ہجوم سب نے
جب پوچھتے تھے سب اوس سے احوال / کہتا تھا نہ خوف سے وہ کچھ حال
اول تو وہ گل خموش رہتا / کہتا بھی جو کچھ تو یہ وہ کہتا
واقف نہین مین یہ حال کیا تھا / مجھکو نہین ہوش اک ذرا تھا
خوشیان تو یہان تھین یہ اچھلین / پہونچی جو خبر دولھن کے گھر مین
مان باپ کو اوسکے غم ہوا اور / حال اپنا ردی کیا پھر اوسنے
حالت تھی تباہ اوسکی وہ سدم / اسطرح تڑپتی تھی وہ پرغم
تھا اسکو یقین گذر گئی یہ / اکی بے موت مر گئی یہ
باقی تھے جو زندگی کے کچھ دن / رو رو کے وہ کاٹتی تھی لیکن
رہتی تھی سدا کمال غمگین / شاہ دوران نے بہر تسکین
بلوا کے نجومیون کو ایک روز / فرمایا یہ بھر کے آہ دلسوز
اس بات کی ہے نہین تمہین تاب / دختر مری ہوگئی ہے غائب
مشتاق اوسکی مفارقت ہے مجھکو / حال اوسکا نجوم مین تو دیکھو
پھر تجھسے ملیگی وہ خوش اطوار / پھر اوسکا نصیب ہوگا دیدار
سنتے ہی یہ حکم شاہ والا / حال اوسکا نجوم مین جو دیکھا
کہنے لگے یہ وہ ساکن دیر / سب طرح سے جانکی تو ہے خیر
لیکن ناجنس سے ہے صحبت / کرتا ہے وہ بجا یہ اوسنے الفت
الفت کا لگا ہے دل پہ اک تیر / معشوق کی ہجر مین ہے دلگیر
جنس دیو کے پاس وہ پری ہے / تسکین بہت اوسکو اونسے دی ہے
اک دن وہ ملیگی تمسے آکر / رخصت ہوئی حال وہ بتاکر
کچھ کچھ تو ہوئی اوسے تشفی / زوجہ کو بھی جاکے دی تسلی
پر جانتی تھی کوئی طبیعت / فرزند کی آگ ہے قیامت
دن رات تھی گفتگو اوسی کی / دم بھر بھی نہ یاد بھولتی تھی
دی تھی جو نجومیون نے تسکین / امید پہ جیتی تھی وہ غمگین

جوگی شدن وزیرزادہ در تلاش غزالہ و گردیدن صحرا بصحرا و یافتن ملک ماہ رو

ساقی وہ پلا شراب مجھکو / پروا جو نہ عار و ننگ کی ہو
دل شہر سے ہے ہمارا تنگ اب / سیر صحرا کی ہے ترنگ اب
اک یوسف گم شدہ کو ڈھونڈھون / سرگرم قدم ہون جستجو مین
مے اور نہین مین مانگتا ہون / دے بادۂ بیخودی مجنون
کچھ خواہش مے یہان نہین ہے / مجھ رند کو نشہ ہر زمان ہے
ہے خون دل اب شراب ساقی / اور لخت جگر کباب ساقی
اے توسن خامہ اب ہو چالاک / صید مضمون ہو زیب فتراک
کاغذ کا وسیع تر ہے میدان / ہے برق صفت تو گرم جولان
دے اب مجھے داغ عشق یارب / پھولے پھلے باغ عشق یارب
سینے مین جگر جلے شب و روز / کرتا ہون نالہاے دلسوز
ہرگز نہ مین لالہ زار دیکھون / داغون کی سدا بہار دیکھون
قیس و فرہاد سان ہمیشہ / یہ سر ہے نذر سنگ تیشہ
آنکھین رہین خونفشان ہماری / پلکین فوارہ سان ہون جاری
ہمدم جو تھا وزیرزادہ / گھبراتا تھا سب سے وہ زیادہ
سمجھاتا تھا شاہ اوسکو ہر آن / کہتا تھا مین ہونگا اوس پہ قربان
رخصت کرو مجھکو جاؤنگا مین / شہزادی کو ڈھونڈھ لاؤنگا مین

شہزادی مری گئی ہے جیسا
اکدن چھپ کر وزیرزادہ
سنتے ہی خبر یہ وہ ہنر مند
کی شاہ سے اوسنے عرض جا کر
پر مرضی حق سے تھا نہ چارا
جب سے وہ ہوا تھا دشت پیما
دیکھو نہ [illegible] جستجو کچھ
وہ دشت کہ جسکا تھا نہ پایان
وہ دن کی تو دھوپ اسکی اوس
مونس غم و رنج درد و ہمدرد
کوسون تلک وہ چٹیل ایک میدان
دھرتی تھی ہوا قدم جو وہان پہ
پڑتا تھا جو کوئی ذرہ اوڑکر
اور گیروی زیب جسم پوشاک
پھرتا تھا وہ ڈھونڈھتا ہوا وان
دیکھا تو تباہ ملک ہے سب
وہ گانون کا ہے عجیب نقشا
جس سمت ہے بارگاہ شاہی
تخت ہے جہان جہان عمارت
سنسان سا شہر مین پڑا ہے
گلشن مین ہے رنگ وحشت پر خار
شل گل لالہ پھول ہین داغی
رہتے تھے جہان یہ مرغ بستان
پھولونکی جہان لگی تھی انبار
ہلا ایک یہ کس لیے حزین ہے

امید بھی وہین جاؤن ہو تنہا
صحرا کو نکل گیا پیادہ
دل تھام کے بولا کہ فرزند
گم ہو گیا وہ بھی نیک اختر
دل پر کیا یہ بھی غم گوارا
رستہ جو کوئی ہو ڈھونڈتا تھا
[illegible] ویرانہ
جادہ بھی کہین نہ تھا نمایان
وہ [illegible] تو خاک تھا [illegible]
دمساز تھی نالہ و دم سرد
انسان وہان نہ کوئی حیوان
ہر ذرہ تھا آفتاب محشر
چھالا پڑ جاتا تھا بدن پر
وہ دامن و جیب شکل گل چاک
بستی نظر آئی ایک ناگاہ
حیران ہوا وہ نیک کوکب
دیکھے سے ہو جسکے دلکو سودا
اوسپر بھی عجیب ہے اک تباہی
بالکل وہ پڑی ہے بے مرمت
جیسے کوئی لوٹ لے گیا ہے
ہر قطع ہین بدنما ہین [illegible]
گلچین ہے ہر اک چمن سے باغی
زاغونکی ہین آشیان [illegible]
وان کوڑے کے ڈھیر ہین [illegible]
یان وارث شہر کیا نہین ہے

بہلاتا تھا شاہ اوسکے دل کو
لوگون نے خبر وزیر کو دی
کیا کیا کہ پا وہ غم کا مارا
صدمہ ہوا شکلے اوسکو افزون
رنج اونکا نہ اب زیادہ لکھیے
جنگل جنگل غرض وہ ذیشان
یہ دشت ہوا و پیادہ پائی
یہ صورت وادئ قیامت
[illegible] وہ مغموم
گرد صحرا بدن کا ملبوس
جنگل کی وہ ریت گرم ہے سو
گرمی مین ہر ایک لو کا جھونکا
اوس بادیہ گرد کا یہ نقشا
کاندھے پہ دھری ہوئی وہ [illegible]
کرنے لگا شکر کبریا وہ
بازار اوجاڑ شہر سنسان
گلیون کو جو دیکھو طرفہ سامان
جو قصر وہان ہے سرنگون ہے
انسان ہے جو وہ نوحہ گر ہے
پہنے ہے ہر اک سیاہ پوشاک
پھولو نپہ پڑی ہوئی وہان اوس
موقوف ہے قمریونکی کوکو
چنگھاڑتے تھے جہان جہان موس
حیران ہوا بہت وہ پر غم
پوچھا ہر ایک سے یہ احوال

ضد کرتا تھا پر وہ شوخ خو تھو
معدوم ہوا اثر اسیر بھی
لکھنے کا نہین تاب کو یارا
حال دل شہ ہوا دگرگون
کچھ حال وزیرزادہ لکھیے
پھرتا تھا برنگ قیس نالان
تقدیر نے سیر کیا دکھائی
صحراے عدم سے جسکی وسعت
رہبر نہ کوئی نہ راہ معلوم
اور ہمسفر اوسکی یاس و افسوس
کانٹون کی جہان ہے گرد بالو
ایک شعلہ آتش سفر تھا
منہہ پر [illegible]
لیکن اسی مین ہاتھ پر تپ
داخل اوس شہر مین ہوا وہ
گھر ٹوٹے ہوئے محلہ ویران
سب کوچہ زلف سے پریشان
خم صورت پیر ہر ستون ہے
ادنا اعلے کی چشم تر ہے
ہین صورت جیب سینہ صد چاک
ہر برگ ہے شکل دست افسوس
وہان بول رہے ہین بوم ہر سو
ہے زاغ و زغن کا اب وہان شور
کہنے لگا اپنے دل سے اوسدم
اس شہر کا کیون تباہ ہے حال

کہنے لگے رو کے ساکن شہر — یہ ملک ہوا ہی موردِ قہر
صدمہ نہین قابل بیان یہ — پُر درد عجیب ہی داستان یہ

یان کس لیے کیدھر آئے ہین آپ — کب سے تشریف لائے ہین آپ
کیا تجھنے نہین سنا یہ احوال — اخفا ہی کسی سے کیا یہ احوال

کہنے کا نہین ہی گو کہ یارا — سنیے تو کہون مین حال سارا
اس شہر کا نام تو ختن ہے — سلطان کا نام مہرتق ہے

جس شہ کے عمل مین ہی یہ کشور — بٹیا تھا اک اوسکا ماہ پیکر
بسیار حسین کمال خوشخو — خورشید جمال نام مہرو

اک روز نہ کا اسطرح ہی مذکور — تھا باغ مین جلوہ گر وہ مغرور
اوس باغ نے ایکدن وہ گلفام — گم ہوگیا یک بیک سر شام

اوس گل کی ہزار جستجو کی — ہر اک نے تلاش چار سو کی
پایا نہ مگر وہ ماہ طلعت — پوشیدہ رہا برنگ نکہت

بلوا کے نجومی اور رمال — دریافت کیا جو اونسے احوال
تب اونسے کھلا یہ حال ہمپر — ہی قید پری مین وہ گل تر

اک اوسکی پری تھی عاشق زار — دل سے اوسے کرتی تھی بہت پیار
تھا حسن پر اوسکو اپنے غرا — اور لال پری تھا نام اوسکا

تھی قوم کی اپنے شاہزادی — پروانہ تھی اوسکے شمع رخکی
روز آتی تھی دیکھنے وہ پرغم — کرتی تھی پیام وصل ہر دم

اک روز وہ شاہزادہ گلفام — گلزار مین کر رہا تھا آرام
اک خواب مین دیکھی شاہزادی — الفت کا نہ بس کہ تھا وہ عادی

عاشق ہوا دیکھتے ہی اوسکو — سو کر جو اوٹھا وہ ماہ خوشخو
نام اوسکا غزالہ تھا زبان پر — کہتا تھا یہ بار بار رو کر

افسوس کہ ہنستے دے غزالا — جی بھر کے تجھے نہ دیکھا بھالا
اک بار تو شکل پھر دکھاؤ — پھر کاشکے خواب ہی مین آؤ

دن رات اوسی کی تھی اوسے یاد — رہتا تھا وہ محو آہ و فریاد
آئی اکدن جو وہ پری زاد — کیا سنتے ہی آتی ہی وہ ناشاد

ہی نام غزالہ کا لبون پر — اور اوسکو نسیے تر ہی سیاہ البتہ
سنتے ہی کمال رشک آیا — غصہ کیا پیچ و تاب کھایا

بولی جھنجھلا کے وہ گل تر — اللہ رے اوبتِ ستمگر
ہمتو کرین تجھسے ایسی الفت — اور تجھکو ہی غیر سے محبت

اور اونکے لیے یہ آہ و زاری — پروا نہین اک ذرا ہماری
وہ عشق غزالہ مین تھا سرشار — تھا شکل پری سی سخت بیزار

بولا کہ سن او نگار مغرور — تو کیا ہی اگرچہ ہو کوئی حور
ناحق یہ کردن مین اسکی قربان — کہتا ہون مین دے سے اوسکو بھی جان

جھلا گئی یہ کلام سنکر — بس آتش رشک مین وہ بھنکر
بستر سے بزور اوسے اوٹھا کر — گھر مین اوسی وقت اپنے لاکر

مان باپکے پاس اوسکو لائی — اور رو کے یہ بات اونھین سنائی
مین آپسے کرتی ہون یہ فریاد — اسنے مجھکو کیا ہی برباد

میرا تو دل اسپہ شیفتہ ہے — ایک اور پہ یہ فریفتہ ہے
مجھسے تو ہی دلکو اسکے نفرت — اور اونسے یہ کرتا ہی محبت

کچھ دیجیے آپ اوسکو تعزیر — یا کیجیے اوسکو پابزنجیر
ورنہ اس غمسے آکے اک روز — جائیگی ہماری جان پر سوز

دختر کی سنی جو ہین یہ تقریر — باپ اوسکا ہی ایک بوڑھا پیر
جھلایا کمال وہ بد اختر — زنجیر وتن سے اوسکی شکلین کسکر

ہر روز اوسے تخت پر بٹھا کر — لیجا کے غزالہ کے مکان پر
کرتا ہی کمال جور دن بھر — ہی نام غزالہ اوسکے لب پر

جس روز سے گم وہ ہوگیا ہی — کیا کیجیے کہ حال شاہ کیا ہے
اس غم مین ہی مبتلا وہ پریشان — اوس روز سے شہر ہی وہ ویران

مان اوسکی تو ہوگئی ہی مجنون — مہمان کوئی دنکی ہی وہ محزون
سنکر یہ کلام حسرت انجام — رو دیا ابن وزیر ناکام

اوسوقت وہ راگ بج رہا تھا — کس تھر کا وہ اوبج رہا تھا
بیخود ہوئے کتنے کتنے بیہوش — کتنے اوٹھین رہ خود فراموش

تھا آب روان کا بھی یہ عالم — آب آئینہ تھا وہ اوس دم
بہ بہ گئے موم ہوکے پتھر — تھے جن و ملک تمام ششدر

حیوانونکو خوب سا رجھا کر — خود رونے لگا وہ تلملا کر
ناگاہ صدا یہ اوسکو آئی — اے سرو ریاض دلربائی

کیا خوب بجائی آپنے بین — سبحان اللہ واہ تحسین
اوسوقت صدا یہ جو سنی سنکر — دیکھا ہر سمت ہو کے ششدر

پھر آئی صدا نہ دل مین ڈرنا — کچھ اور خیال تم نکرنا
گر ہووے اجازت اے گل تر — باتین کرین تمسے ہم خود آکر

وہ ماہ تو غم سے مر رہا تھا — جان اپنی ہلاک کر رہا تھا
بولا کہ یہان نہین ہے کچھ ڈر — ہوتے ہین فقیر شیر بستر

تم آنے نہ آنے کی ہو مختار — ہم اپنی ہی جان سے ہین بیزار
مانع نہین ہوتا مین کسیکا — مختار ہر اک ہے اپنے جی کا

آئے جو کوئی تو ایسا آئے — دو دکھ درد جو وہ اوٹھائے
کچھ درد کا دیکے درمان — کچھ رحم کرے سمجھ کے مہمان

خالی اگر آئے بھی تو پھر کیا — اس آنیکی یان نہین تمنا
پھر آئی صدا یہ خندہ آمیز — اے ساکن وادی بلا خیز

مطلب تو کچھ اپنا کر تو اظہار — کس بات کا ہمسے ہے طلبگار
بولا کسے درد دل سناؤن — صورت دیکھون تو کچھ بتاؤن

تب آئی صدا کہ آئے ہین ہم — شکل اپنی تمھین دکھاتی ہین ہم
پھر بائین طرف سے بہ تکرار — ظاہر ہوئے تین تخت اک بار

تختین حورین اوسپہ جلوہ گر تین — تب تو ہوئی اوسکی دل کو تسکین
بولا دل کردہ سینہ افگار — انشاء اللہ اے دل زار

گر فضل خدا ہے میرے ہمراہ — شہزادی سے اب ملونگا دلخواہ
باطن مین تو اوسکو یہ خوشی تھی — تیوری بظاہر چڑھی ہوئی تھی

خوش تھا کہ ہمارے جاگے اب بخت — اوس گل کے جو پاس آئی وہ تخت
دیکھا تو وہ صورتین ہین دلکش — مہرو ہے کوئی تو کوئی مہوش

ہے پیرہن اک کا ارغوانی — پوشاک ہے اک کی زعفرانی
جوڑا پہنے ہے ایک گلنار — اور سب مین بہت ہے وہ طرحدار

اتنے مین ہوئے کلام باہم — پرسان ہوئین حال کی وہ اسدم
جوگی جی کچھ اپنا حال کہیے — اس جوگ کا کچھ مآل کہیے

کسکے لیے تم ہوئے ہو جوگی — کس درد و الم کے ہو بروگی
کس دیس کے رہنے والے ہین آپ — کس شکل قمر کے بالے ہین آپ

مطلب تو کچھ اپنا آپ فرمائین — ممکن ہو جو ہمسے تو بجا لائین
محظوظ کیا بکمال ہمکو — آ آ گیا سنکے حال ہمکو

کیا خوب یہ فن کیا ہے حاصل — بے شبہہ شناسا ہین آپ کامل
کشتہ کیا بین کو سنا کر — دل آپ نے لے لیا رجھا کر

اک عشق ہوا ہے تمسے پیدا — سمجھو ہمین تم بھی اپنا شیدا
ہم تینون تمہاری چیلیان ہین — بن دامون خریدی لونڈیان ہین

قدمون سے ہمین جدا نکرنا — تم ہمسے کہین دغا نکرنا
سنکر یہ سخن وہ ماہ پیکر — کہنے لگا بے رخی جتا کر

مین ایک فقیر بے سر انجام — تم لوگ ہو سب امیر عظام
صحبت سے تمہاری مجھکو کیا کام — مجھکو کہین کیجیے گا بدنام

صحبت سے تسا کیے یہان ہے انکار — اس قوم سے مرا جی ہے بیزار
کچھ انکی سرشت مین دغا ہے — یہ قوم کی قوم بیوفا ہے

دل لیتے ہین پہلے تو دغا سے — کشتہ کرتے ہین پھر جفا سے
اک اونمین تھی ماہ پارہ بیباک — بولی کس ناز سے وہ چالاک

بولی تو یہ بولی واہ جی تم — کچھ گرم بہت ہو شاہ جی تم
فرماؤ تو ہمسے حال اپنا — کس کس نے دیا ہے تمکو دھوکا

اس شخص نے آپ سے دغا کی
کس کس نے حضور پر جفا کی
ہم اونمین نہین ہین ہونٹھو مکار
وہ ہوتے ہین اور لوگ عیار

گر آپکو اسقدر تھا انکار
ہمکو نہ بلایا ہوتا زنہار
اب جیسا کیا ہے ویسا بھگتو
دل دو ہمین اپنا ہمسے دل لو

ہم تینون کو تمنے کیون بلایا
کسواسطے پہلو مین بٹھایا
دل چھین کے شاہ جی ہمارا
غمزہ نہ جتائیے خدارا

تب کہنے لگا وہ ماہ طلعت
کیا علم تھا مجھکو تم ہو عورت
کی میری جو تمنے آن تعریف
مینے کہا لاؤ یان بھی تشریف

آواز کا جو نشان پایا
دلمین یہ مرے خیال آیا
تو ہی نہین اک ستم زدہ ہے
سمجھا کوئی یہ بھی غمزدہ ہے

اس حال سے تو نہ تھا خبر مین
تم لوگونکو جانتا اگر مین
پاس اپنے کبھی نہ آنے دیتا
مین راہ کسی طرف کی لیتا

آواز کو مہربان جو پایا
تو درد بھی اپنا کچھ سنایا
بولین کہ نہ شاہ جی خفا ہو
تم آشنا نہ ہمسے بے خرا ہو

ہم بھی کے ہین تمھارے مشتاق
صحبت جو ہماری ہے تمھین شاق
تکلیف قریب سے نہ دینگے
ہم دور سے بیٹھ کر سنینگے

کہنے لگی شاہ جی بہت خوب
بندیکو بھی اب یہی ہے مطلوب
آزردہ فقیر سے نہ ہو تم
لو بین کو شوق سے سنو تم

بندے کو لحاظ تھا بس اتنا
ہو جاؤن جہان مین مین رسوا
اب نام سے اپنے کیجے ماہر
کس قوم سے ہو کرو یہ ظاہر

پہنے تھی جو زعفرانی جوڑا
نام اوسنے تو زعفران بتایا
پیراہن سبز پہنے تھی جو
کہنے لگی ناز سے وہ خوشخو

بندی کا نام مشکبو تھا
اب کہتے ہین مبتلا و شیدا
تھا جسکا لباس ارغوانی
بولی ہنسکر وہ حور ثانی

ہے شاہ جی میرا ارغوان نام
یہ تم بھی بتاؤ مہربان نام
اس سن مین خراب خستہ کیون ہو
کیا رنج ہے دل شکستہ کیون ہو

کس کے لیے جوگ یہ لیا ہے
حال اپنا تباہ کیون کیا ہے
ایسی پڑی تمپہ کیا مصیبت
جو پھرتی ہو دشت دشت حضرت

گر پوچھتی ہین ہماری قوم آپ
سلطان پری ہمارا ہے باپ
ہم تینون ہین ایک بطن سے بہنین
یہ ملک ہمارے ہے عمل مین

ہم آئے تھے بہر سیر صحرا
یان آکے ہوے تمھارے شیدا
حال اپنا بھی کچھ بیان کیجے
یہ راز نہفتہ کھول دیجے

رونے لگا پھر وہ غم کا مارا
حال اپنا کہا اونھون نے سارا
کہنے لگین تینون پریان ہم
اب ساتھ تمھارے ہم ہین ہمدم

تدبیر سے ہم نہونگے قاصر
جسطرح سے ہوگا ہم ہین حاضر
اب بین ذرا بجائیے آپ
کچھ اپنا ہنر دکھائیے آپ

مشتاق کمال اون کو پاکر
بین اوسنے ملائی پھر اوٹھاکر
بس دیکھ کے اونسی بین کی تار
اختر کی غزل بجائی یکبار

غزل

دل جسکو ہمارا ڈھونڈھتا ہے
اے چرخ کدھر وہ مہ لقا ہے
افسوس جو اپنا دلربا ہے
وہ غیر کے نام پر فدا ہے

ہم غم مین ہین جسکی جان دیتے
پروا نہین اوسکو کیا ہوا ہے
عشاق کی خون سی ہین رنگین
ہاتھون مین کب اونکے یہ حنا ہے

روٹھے ہین جو آپ مجھسے تمکین
بندیکا بھی اے صنم خطا ہے
زلفونکا وبال سر پہ لونگا
اس دام بلا مین دل پھنسا ہے

جانے دو مجھے ادھر نہ روکو
دلدار مرا جدھر گیا ہے
اے چرخ ہماری کیا ہے تقصیر
کیون ہمسے وہ مہ لقا خفا ہے

ہر روز کی خواہشون سے یارو
دل ہو ہو کے خون بہ گیا ہے
فرقت مین ملا ہے حنظل غم
دل سوختہ کی یہی غذا ہے

از بسکہ لگے ہیں ناوک غم / زنبور کا گھر جگر بنا ہے
دنیا سے تو ہم سدھارتے ہیں / واں سجدۂ شکر ہو رہا ہے

کیوں نزع کے دم ہی یہ عنایت / دم دیتے ہو دم یہاں فنا ہے
معشوق تمام بے وفا ہیں / عاشق کے سرشت میں وفا ہے

عیسیٰ سے بھی ہو سکیگا نہ درماں / یہ درد جگر تو لا دوا ہے
غیروں کی تمہیں بغل مبارک / آغوش لحد کی یاں ہوا ہے

ہم جان دیں اور تم نہ پوچھو / پیارے یہی عشق کی جزا ہے
جیسا کیا ویسا اسنے پایا / اپنے دل زار کی سزا ہے

آج اسنے محبت اور سے کی / دو دن کا وہ سب سے آشنا ہے
کیا کہتے ہیں اس نصیب کو واہ / ہم پڑتے ہیں پاؤں وہ خفا ہے

مجھسے جو کیا ہے ترک ملت / فرماؤ مرا قصور کیا ہے
تھی جس سے امید دوستی کی / دشمن وہی مری جان کا ہے

عاشق کا دل آپ ہی دکھانا / کہنا مانو بہت برا ہے
نیکی ہے ادھر اودھر بدی ہے / وہ کوستے ہیں یہاں دعا ہے

پریاں ہوتی ہیں سنکے تسخیر / اختر کا کلام دلربا ہے

جب بین میں یہ غزل بجائی / کیفیت تازہ اک دکھائی
کی اوسنے دلوں پہ سب کے تاثیر / احوال ہوا ہر ایک تغیر

غش ہو گئے سارے سننے والے / جینے کے بھی پڑ گئے تھے لالے
سب وحش و طیور دشت پرخار / صدمے تھے ہوئے اونکو گئے ہزار

رونے لگیں تینوں ہو کے بیتاب / سینے میں ہوئے دل و جگر آب
اک عالم بیخودی تھا اون پر / حیران تھی کوئی کوئی ششدر

سر اوسکے قدم پہ رکھ کے جھکے / آنکھیں ملیں گاہ گاہ چومے
اک گرد پھری بلائیں لیکر / اک کہنے لگی بلائیں دیکر

تم وقت کے اپنے ہو کنہیا / رکھتے نہیں تم نظیر اپنا
اس فن میں ہیں بیشک آپ یکتا / ہم نے نہ سنا نہ ایسا دیکھا

ہمکو تو کمال خوش کیا آج / بندہ ہمیں بلکہ کر لیا آج
اتنے ہیں امیدوار اس دم / ان قدموں سے ہوں سرفراز ہم

اب یاں سے چلیں ہمارے گھر آپ / عزت اتنی کریں غریبوں پر آپ
کچھ دور نہیں ہے ہمکو جانا / ہے پاس بہت قریب خانا

وہ سامنے باغ ہے ہمارا / واں چلکے ہوں آپ جلوہ آرا
فرصت سے کبھی ہو ملاقات / کچھ ہو نہیں سکتی یاں مدارات

ممکن نہیں یاں کوئی سرانجام / یہ دشت نہیں مقام آرام
مہمان ہو ہمارے شاہ صاحب / دعوت ہے تمہاری ہم پہ واجب

اوس دم سوچا وزیر زادہ / ابھی نہیں پیر فنی زیادہ
ربط انسے بڑھایا چاہیے اب / شاید نکل آئے دل کا مطلب

شائق یہ ہوئی ہیں خود تمہاری / کرتی ہیں یہ آپ خواستگاری
جانے میں نہ عذر کچھ کرو تم / حامی ہے خدا نہ اب ڈرو تم

لیجائیں جہاں یہ شوق سے جاؤ / قابو میں انہیں کسی طرح لاؤ
ٹھہرائی یہ دل میں جبکہ تدبیر / کی اسنے بہت اسطرح سے تقریر

جس امر میں ہو خوشی تمہاری / میری بھی وہی ہے عین مرضی
وہ بولیں کرم تمہارا ہم پر / پھر تخت پہ ایک بیٹھیں آکر

جوگی کو بھی اپنے لیکے ہمراہ / پھر پریاں گئیں سوے باغ دلخواہ
اوس باغ میں جب ہوئیں وہ داخل / کیا دیکھتے ہیں وہ ماہ کامل

اک باغ ہے گلشن طلسمات / گو فصل نہیں مگر ہے برسات
یاقوت کے ہیں تمام اشجار / پتے ہیں زمردی کے گلزار

صد برگ کسیطرف کھلا ہے / بالکل وہ عقیق زرد کا ہے
ہر نخل کا نقرئی ہے تھالا / لعلیں ہیں کسیطرف کو لالا

اک سمت گل فرنگ خوش آب / ترشی ہوئی تابنی کی یاب
ہر قسم کی چار سو شجر ہیں / بالکل وہ جواہر ہیں مگر ہیں

موتی کا شگفتہ موتیا ہی
نرگس ہی برنگ چشم انجم
آئینہ ہر ایک آب جو ہی
اک سمت ہی بہار اشرفی کی
ہی حسن گل نرنگ یکجا
وہ مہندی کی ٹٹیاں خوش آئین
وہ سیب تھی ہر طرف نمایان
آراستہ صورت جنان ہی
فرش اوسمین ہر ایک جا بچھا ہی
تخت آگے غرض وہان اوتارا
جو تھی جو بچھی تھی مسند زیبا
کی دھوم سے اوس قمر کی دعوت
بین اوسنے بجائی رات بھر خوب
کیا کہیے جو اوس گھڑی سماں تھا
تھا شور ہر ایک ماہ رو کا
بین اوسنے جو کاندھے سے اوتاری
تعریف بیان ہو کیا تمہاری
انعام لو مہربان کیا ہی
جی چاہتا ہی یہ اب ہمارا
ہم تمکو کہیں بجانے دیتے
پریان جو ہوئیں مصر زیادہ
بولا کہ تمہاری مہربانی
اب تمسی ہون صاف صاف کہتا
مطلب جو مرا بر آر ہووے
جس واسطے جوگ یہ لیا ہی

اور دُرِ نجف کا موگرا ہی
غنچے کہیں کرتے ہیں تبسم
بلّور کی فصیل چار سو ہی
ترشی ہوئی ہی تو شربتی کی
خوشتر اسے ہی وہ بھی تانبری کا
انگور کے خوشے بقدر پروین
ہون سیب تن بھی جیسے پستان
ہم رتبہ قصر آسمان ہی
درجہ بدرجہ سجا ہوا ہے
اندر ہیں اوسکے جلوہ آرا
اوپر اوس ماہ کو بٹھایا
شب بھر رہی بین کی وہ صحبت
جلسہ ہوا ان پہ تا سحر خوب
جو بیٹھا تھا وان سو نیم جان تھا
ہر سمت تھا نعرہ ہای ہو کا
برچھی سی دلون پہ وونکی ماری
قاصر ہی زبان اب ہماری
ہم آپکے گھر بھی آپ کا ہی
شاگرد کرو ہمیں بھی اپنا
چندی یہین میہمان رکھیں گے
دل میں سوچا وزیر زادہ
کی تمنے کمال قدر دانی
اس شہر میں یہان ہون ستا
رہنا بھی مجھے نہ بار ہووے
بندہ تو غرض کا آشنا ہی

چنپا پکھراج کی ہی یک سو
اک کیاری میں سیوتی کھلی ہی
مقیش کی اک طرف ہی سنبل
اور رنگ عقیق سرخ کا ہی
نیلم کی کسی طرف ہی سوسن
کس نور کی ناشپاتیاں تھیں
اک بارہ دری ہی جلوہ آرا
کس نور کا دان ہی شیشہ آلا
بچھیں ہیں وہان پہ مسندیں بہار
وہ مسندیں جس جگہ بچھیں تھیں
دعوت کا کیا پھر اوسکی سامان
پریان اک سمت ساری جوان
گلشن کے شجر بھی وجد میں تھے
صہبا کے مذاق تھی یہ سرخوش
محظوظ او جیں بقدر کیا تھا
کہنے لگیں اوس سے تینوں پریاں
کیا ہمکو کیا ہی آپنے شاد
چندی یہیں بود و باش اگر ہو
اب ہمکو بھی ہیں تم سکھاؤ
جب تک نہ بتاؤ گے ہمیں ہیں
کر لیجیے یک بیک نہ اقرار
درویش ہی ایک کم حقیقت
جو مطلب نقیر کا ہے
منظور اگر مری خوشی ہی
میرا تو درست کام ہوگا

بلور کی اک طرف ہی شبو
دو گوہر شب چراغ کی ہے
ہیرے کی ہی یاسمین بھی بالکل
عالم ہر پھول کا جدا ہے
گلنار پہ منگے کی ہی جوبن
یا حور وشان کی چھاتیاں تھیں
کام اوسپہ جواہرن ہی سارا
ہی صاف وہ خانہ طلسمات
جھالر میں ٹکی ہیں در شہوار
بیٹھیں اوپر برنگ پروین
ہمقوم بلائے سارے مہمان
تھیں لیکے دوست و محو حیرت
مرغان سحر بھی وجد میں تھے
تھیں صاحب خانہ تینوں بیہوش
ہوش اونمیں نہ ایک کا بجا تھا
کیا تمنے کیا ہی آج احسان
اب ہمسے کریں کچھ آپ ارشاد
کس لطف سے زندگی بسر ہو
تم اور کہیں نہ یان سے جاؤ
دلکو نہ ہمارے ہوگی تسکین
کچھ کیجیے تھوڑی دیر انکار
کرتے ہیں پہ آپ مری عزت
بر لاؤ تو کیا مضائقہ ہے
تو مطلب دل مرا وہی ہے
دنیا میں تمہارا نام ہوگا

منظور ہو کر جواب دیجے
انصاف تو اپنے دل مین کیجے
آوارہ جو شخص کو بکو ہو
کس بات کی اوسکو آرزو ہو

جبتک نہ غزالہ سے ملون گا
مین ایک سے ملتفت نہونگا
رہتی کی جو سیری آرزو ہی
لازم نہین اوسکی جستجو ہے

سنکر یہ کلام طنز آمیز
کہنے لگی ایک فتنہ انگیز
تم شاہ جی کتنے بے مزا ہو
مطلب ہی کے سب سے آشنا ہو

کیا اپنے کمال پر ہو نازان
اتنا نکرے گھمنڈ انسان
غرا تھین حسن پر ہی کتنا
ہم تمکو نجانتے تھے اتنا

ختم آپ پہ ہی گل کھرائن
کھوٹونسے یہ کرتے ہین کھرائن
پریون نے جو لے رکھی کمائی
کی اونسے بھی اونسی کج ادائی

بولا کہ ذرا حواص مین آؤ
غمزے کسی اور کو یہ دکھلاؤ
ان باتون سے بندی کو ہی نفرت
اک یہ بھی تھی اپنی آدمیت

ساتھ آپکے ہم جو یان چلے آگے
کچھ عذر نہ درمیان مین لائے
ورنہ یہ نہین ہی اپنا شیوا
جو گھر مین کسیکے جاے بندا

کی مینے فقط یہ خاکساری
پروا نہین کچھ مجھے تمھاری
پاپوش کرے مری لجاجت
تم پر نہین بند میری حاجت

اللہ ہی کارساز اپنا
تہ کر رکھین آپ ناز اپنا
ہر چند کہ خاک مین رلا ہین
در بند ہی اک تو سو کھلے ہین

اس عشق کے بھی ہین طرفہ نیرنگ
صحبت کا عجب تھا اوس گھڑی رنگ
پریون کا تو اوسکے ملون پر سر
جوگی کا دماغ آسمان پر

اوس سمت نیاز اس طرف ناز
دو چار گھڑی رہا یہ انداز
پریان تو کمال بادۂ تھین
اوسوقت یہ اپنے دل مین سوچین

ایسا نہین پیچ کوئی پڑ جاے
رنگ اپنا جما ہوا اوکھڑ جاے
آزردہ جو ہو گیا یہ دلدار
تو اسکا منانا پھر ہی دشوار

کہنے لگین تینون پریان ہنسکر
جامے سے تم اپنے ہو نہ باہر
بر آئیگا مدعا بخوبی
کام آپکا ہوئیگا بخوبی

گرم اتنا نہ دل جلو نہ ہو تم
اب ٹھنڈی ہو غصہ تھوک دو تم
تدبیر کرینگے ہم بہت سی
بر آگے جو کچھ خدا کی مرضی

غمزہ تو نہ ہر گھڑی جتاؤ
لو ہین ہمین ذرا بتاؤ
آپس کا غرض حجاب ٹوٹا
باہم مزۂ وصال لوٹا

زانو سے دبا کے زانو بیٹھین
پہلو سے ملا کے پہلو بیٹھین
مطلق نہ رہی کچھ آڑ پھر تو
ہونے لگی چھیڑ چھاڑ پھر تو

کی شعلۂ شوق نے شرارت
بھڑکائی یہ آتش محبت
عاشق ہوئین اوسپہ تینون پریان
رہنے لگین پاس اوسکی ہر آن

اوس ماہ کی کس غضب مین تھی جان
ہر وقت تھا دل مین سے یہ حیران
کہتا تھا یہ لیکے وہ خوش اسلوب
طالب تو ہین تین ایک مطلوب

کس کسکے بھلا مین ناز اوٹھاؤن
ایسا مین جگر کہانسے لاؤن
کرتا تھا وہ پریون سے فقط گھات
منظور تھا اوسکو یہ ہی نرت

جسطرح ہو اس بلا کو ٹالون
مطلب کسیطرح سے نکالون
لیکن پریونکا تھا عجب حال
اوس ماہ پہ ٹپکی پڑتی تھی رال

کچھ فکر اونھین نہ تھی کسی کی
جان اوسپہ فدا تھی ہر پری کی
جب اونسے کیا زیادہ اصرار
بین اونسے سیکھائی آخرکار

کرتا تھا جو پاس وہ بظاہر
سکھلانے لگا وہ بین آخر
اک سال مین بین اونہین بجائی
شہرت عالم مین سبنے پائی

ہونے لگی گرم اوسے صحبت
بڑھنے لگی دن بدن محبت
جوگی تھا وہان جب آرزو مین
پریان رہین اوسکی جستجو مین

کو حال غزالہ سب یہ وا تھا
لیکن اونکا مکر نہ اک ذرا تھا
تدبیر مین رہتی تھین وہ ہمسر گرم
کہتی تھین نہ اوس سے آرزو شرم

دعوت لعل پری نمودن ہر سہ پریزاد و بین نواختن و نزد پریزادہ گل پیرہن رفتن

یہ کہکے غرض وہ ماہ رخسار جوگی کے جو پاس آئی یکبار
پہنے کفنی گلے میں زرتار لعلوں کا کیا تھا اوسپہ تارا
بالوں کو بنا کے منھ پہ چھوڑا ہر افعی زلف کا مروڑا
الماس کی ہاتھ میں وہ سمرن بازو پہ زمردی وہ جوشن
چہرہ وہ بھبھوکا نور کا تھا جلوہ حق کے ظہور کا تھا
اس سج سے وہ جوگی بنکے آیا ساری محفل کا ہوش اڑایا
مسند پہ برابر اوسکو جا دی جوگی نے بھی آ تو ہی عادی
تب لعل پری نہ راہ اشفاق بولی کہ میں [illegible] مشتاق
پھر کہنے لگی بصد اخلاص تم لوگ [illegible] ہو خاص
خاطر مری کیا کرو ان کیا کی تا چند [illegible]
خادم و لیے تمہارے ہم ہین [illegible]
توبہ صاحب ہین اک خطا کار [illegible] نشہ کا
ظاہر ہی مری تو سب حقیقت یہ آپکی ہی [illegible] پت
نقشہ جو یہ کائنات کا ہے جلوہ سب اوسکی ذات کا ہے
ہر چیز پہ ہے اوسی کا سایا ہر رنگ میں وہی سمایا
میں کیا ہوں مرا کمال کیا ہے بندہ تم سب کا خاک پا ہے
کیا کہیے ہوا کدھر سے آنا لے آیا ادھر بھی آب و دانا
عرصہ کیا جبکہ گفتگو نے چپکے سے کہا یہ مشکبو نے
بس باتیں بہت نہ اب بناؤ کچھ اپنا کمال بھی دکھاؤ
اب ہاتھ میں اپنے بین لیجے مشتاق ہے یہ خوشی اسکو کیجے
تب اس ترنگ سے بجایا جو روح کو شوری کو غش آیا
پریاں تھیں بر رنگ مذبوح صدقے ہوئی تان بین کی روح
بسمل کیے جو پریوں کی تھی نوبت اک ایک تھی غرض پری گت
بیتاب ہر ایک گلبدن تھی جو تان تھی دلپہ خنجرزن تھی
اک ابر کی طرح سے تھی گریاں اک کرتی تھی چاک جیب و داماں

دیکھا تو وہ گل نکھر رہا ہی اور پریوں کا گرد جھمگھٹا ہے
اک باندھے اساوری کی ہمت تسمے سے کمر کو دیکے زینت
کنٹھا تھا گلے میں موتیوں کا تو بنا بھی عقیق سرخ کا تھا
قشقہ وہ کھچا ہوا جبین پر اک نور تھا روئے نازنین پر
رخ یوں تھا بھبھوت سے بشن مہتاب ہو جیسے صبح مکدر
بیٹھا تھا جو اوٹھا بہ تعظیم کی پریوں نے جھک کے اوسکو تسلیم
کی تمنے فقیر پر عنایت کی تمنے کمال میری عزت
کہیے یہ اکس طرف سے آنا اوسنے کیا سیر کا بہانا
کی آپ نے ہمپہ مہربانی رکھتے نہیں آپ اپنا ثانی
کیا کہنا تمہارا واہ کیا بات بے شبہ ہو صاحب کرامات
سنکر یہ کلام بولا جوگی یہ آپکی خوبیاں ہیں ساری
بیچارہ ہیں اک فقیر ناچیز کیا مجھکو کمال ہیں ہر تمیز
بندہ ہو اوسکے حقیر ہیں ہم دنیا کو تجا فقیر ہیں ہم
ہر شے میں ظہور ہے اوسیکا تاروں میں بھی نور ہے اوسیکا
ہم کچھ کریں تاب کیا ہماری معبود کی شان ہے یہ ساری
دعوی نہیں خویش تو ذرا پر تکیہ ہے فقیر کو خدا پر
حقانہ جو اوسنے گفتگو کی وہ ماہ ہوئی کمال راضی
تقریر سے وحدت کے تو سنائی درویشی کے رنگ بھی دکھائے
خوش تجسے کمال یہ ہوئی ہے تعریف بھی خوب اسنے کی ہے
القصہ اوٹھائی بین اوسی دم تاروں کو ملا کے اوسنے باہم
قوال آسمان کا تھا قول ایسا نہ تھا باربد بھی لاحول
کیا وصف ہوں زمزمی کی تحریر ہر راگ کی کھینچا تھا تصویر
ہر تان تھی بین کی طرب خیز ہر ایک اوپج تھی شوق انگیز
مستانہ ہر ایک جھومتی تھی خود راگنی ہاتھ چومتی تھی
جان ایک ہلاک کر رہی تھی ٹھنڈی ہی کوئی سانس بھر رہی تھی

بیہوش کھڑی تھی جو کھڑی تھی
جو بیٹھی تھی سکتے مین پڑی تھی
احوال تھا ایک اک کا تغییر
محفل تھی تمام بزم تصویر

تھی لال پری خصوص بیتاب
آنکھون سے روان تھا بحر خونناب
باقی نہ رہا تھا اک ذرا ہوش
سر کی نہ خبر نہ پانون کا ہوش

کیا کہیے کہ حالت اوسکی کیا تھی
بند آنکھین تھین اور واہ واہ تھی
ہوش آتا تو کہتی ہے یہ افسون
انسان نے پری کا کیا خون

بین اسنے ہے سحر کی بجائی
زیبا نہین اسپہ بینوائی
اللہ رے ہاتھ کی گدازی
یہ باج ہے یا کہ سحر سازی

کرتا نہین بین سے یہ بسمل
در پردہ ہے نقد دل کا سائل
جسوقت کہ یہ غزل بجائی
ہر ایک کی جان لب پہ آئی

غزل

حیران ہون یار لو کدھر ہے
کچھ تیری نہین مجھے خبر ہے
پھرتا ہون مین جسکی جستجو مین
وہ حال سے میرے بیخبر ہے

کسطرح ملے وہ سیمبر آہ
نہ زور ہے کچھ نہ پاس زر ہے
مجھ تک اوسے کھینچ لائو لیکن
کچھ بھی تجھ مین کشش اگر ہے

نالے بھی کیے نہ دل پسیجا
پتھر سے بھی بت وہ سخت تر ہے
قاصد نہ صبا ہے نہ کبوتر
خط دون کسی کو نامہ بر ہے

کسطرح کٹے گی ہجر کی رات
طول اسکو ہے عمر مختصر ہے
یہ بھی ہے خدا کی شان ہے بت
سر ہے مرا تیرا سنگ در ہے

سہتا ہون تری ستم مین کیا کیا
ایجان مرا ہے یہ جگر ہے
ہستی سے عدم کو لے نہ جائے
کس طرح تصور کمر ہے

بوسہ کی طلب پہ گالیان ہین
اسکا انصاف حشر پر ہے
اختر کی خبر وہ لیوے گا کیا
جسکو نہین اپنی خود خبر ہے

کس رنگ سے یہ غزل بجائی
ہر ایک نے جان تازہ پائی
مین کیا کہون اس گھڑی کا لطف
وہ لطف غزل وہ بین کا لطف

صحبت رہی دو پہر یہ کامل
بسمل ہوے سب کے طائر دل
کیا لال پری ہوئی خوش اوس سے
پھرنے لگی گرد اوسکے اوٹھکے

کہنے لگی باکمال ہین آپ
طرہ یہ ہے خوش جمال ہین آپ
جیسا کہ سنا تھا ویسا پایا
واللہ کہ خوب خط اوٹھایا

مین تو ہوئی معتقد تمھاری
صدقے مین تمھارے تمپہ واری
تم مین تو کمال کیا نہین ہے
تم سا کوئی دوسرا نہین ہے

حاجت نہین اسمین کچھ قسم کی
عاشق مین ہوئی تمھارے دم کی
خوش ہمکو بھی کوئی دم کرو گے
ہمپر بھی کبھی کرم کروگے

جوگی نے کہا یہ اوس سے ہنسکر
اشفاق یہ آپکا ہے مجھ پر
بیچارہ غریب مین گدا ہون
کیا دخل مجھے مین چیز کیا ہون

تم لوگ ہو خود ہی امتیازی
تم کرتی ہو میہمان نوازی
جیتا ہون تو آؤنگا کبھی مین
لطف اور دکھاؤنگا کبھی مین

صحبت تھی یہان تو یہ جلسا
سنیے کچھ حال اب اودھر کا

یافتن سبز قبا شہزادہ ماہ رو را در خانہ لال پری و بر داشتہ بردن او

ساقی کوئی جام بادہ دینا
لیکن ابکی زیادہ دینا
اک ماہ کی ہے تلاش مجھکو
ملجائے بتا ہے کاش مجھکو

آرام غزالہ کو نہ وان تھا
دل آتش ہجر سے طپان تھا
روتی تھی سحر سے لیکے تا شام
تھا دل کو نہ اوسکی دم بھر آرام

کرتا تھا جو وہ اوسکی تسکین
پر چین نہ لیتی تھی وہ غمگین
مضطر تھی بہت بڑا ہی مہرو
ہر وقت تھا لب پہ ہاے مہرو

کہتی تھی کہان ہے تم شمائل
بیتاب کمال ہے مرا دل
دیدار سے تو نہ اپنے ترساؤ
صورت کسی شکل اپنی دکھلاؤ

کب تلک سہون رنج و درد فرقت
بیتاب بہت دل حزین ہے
دیکھا جو یہ سبز پوش نے حال
ہر بار نہ آہ سرد بھر تو
یہ کہکے چلا وہ دیو پاک سرشت
دیکھا کہ ہی ایک قصر عالی
دعوت مین گئی ہوئی تھی وہ حور
قدرت کا تو دیکھنا تماشا
آفت مین پھنسا ہون اے غزالا
کچھ اسکی نہین مجھے شکایت
بھولا نہین تجھکو مین کوئی دم
ہم تو ہین تری سبب سے محبوس
پہونچی ہی ہماری اب یہ نوبت
سو پڑتے ہین روز مجھپہ کوڑے
کچھ بس نہین سخت بیکسی ہے
سنتا نہین کوئی میری فریاد
مجھسا کوئی سخت جان نہین ہی
کیا تمکو خبر ابھی نہین ہے
لیکن جو نہ اب خبر ہماری
تمسے یہ امید تھی نہ اے ماہ
ہمنی تو کیا یہ سب گوارا
غم یہ ہی کہ غم تجھے نہو دے
اس جینے سے کاش موت آجائے
اس قید سے اب چھڑائیگا کون
پہونچا وہین ماہرو جہان تھا

دیدار کی ہی کمال حسرت
جینے کی امید بھی نہین ہی
سمجھا کر دی ہی اسکا احوال
دو چار دن اور صبر کر تو
ہر ملک مین کی تلاش مہرو
پر صاحب خانہ سے ہی خالی
وان عیش و نشاط مین تھی مسرور
محبوس وہین یہ ماہرو تھا
ظالم سے پڑا ہی مجھکو پالا
لیکن ترے دید کی ہی حسرت
غم اور نہین جو ہی تو یہ غم
جینے سے بھی اپنی اب ہین مایوس
ہر روز ہی تازہ اک مصیبت
ممکن نہین جو یہ جیتا چھوڑے
غمخوار بس ایک بیکسی ہے
ہر ایک ہی مری جانکو جلاد
کس رنج مین آپکا حزین ہے
آو کہ یہ وقت واپسین ہی
کیا آوگی قبر پہ ہماری
ہون ہم تو اسیر درد و غم آہ
کچھ دھیان تمھین نہین ہمارا
فرقت کا الم تجھے نہو دے
جھگڑا یہ چکے کہین بلا جائے
اس گنج ستم کو پائیگا کون
دیکھا تو وہ شوخ نیم جان تھا

گر بعد مرے تم آئے تو کیا
سیماب کی طرح سے تھی بیتاب
کہنے لگا رو کے وہ وفادار
جس شخص کی تو ہی آرزو مین
لیکن نہ کہین سراغ پایا
چھوٹا سا ہی خانہ باغ بھی ایک
بھائی جو اوسے فزای گلزار
معشوق کی یاد مین وہ پرغم
یہ لال پری ہی سخت جلاد
اب تاب نہین فراق کی آہ
کس غم مین ہوئی بسر ہماری
تو نے کبھی بات بھی نہ پوچھی
زنجیرون سے مشکلین بندھی ہین
آتا نہین رحم کچھ پری کو
یہ گوشہ غم ہی اور ہم ہین
اس زیست سے سخت بھی ہماری
کب لیگی خبر مری تو اے جان
جھوٹون بھی کبھی ہمین نہ پوچھا
ہی کون سنے جو حال دل کا
تم باغ مین شکل گل ہو خندان
یان رنج ہی جسم ہی ترے پاس
کیا مفت گئی مری جوانی
جلتی ہین جگر یہ غم کی بھالے
سنتے ہی یہ شاہ جن کی آواز
دم آنکھون مین ہی لبون پہ نالہ

دو اشک بھی گر بہائے تو کیا
موقوف ہوا تھا سب خور و خواب
غم کھاتی ہی کیون تو اے دل افگار
جاتا ہون مین اوسکی جستجو مین
جب لال پری کے گھر مین آیا
آراستہ ہی تمام وہ لیک
بیٹھا تھا مخل وہ دل افگار
چلاتا تھا نام لیکے ہر دم
کرتی ہی کمال زور بیداد
شکل ایک نظر دکھا دے فتنہ
کچھ تو نے نہ لی خبر ہماری
کیا سنگدلی ہی واہ جانی
پانوون مین بھی بیڑیان پڑی ہین
کیا کہتے ہین اس ستمگری کو
یہ قید ستم ہی اور ہم ہین
آتی نہین موت بھی ہماری
اب تو کوئی دم کا ہون مین مہمان
کیا عشق کا ہی یہی نتیجا
کہیے کس سے ملال دل کا
معشوق کو یہ نہین ہی شایان
مرنیکا نہین کچھ اپنے وسواس
ہی مجھپہ حرام زندگانی
ہی روز کوئی کہ دل سنبھالے
کی اپنے مقام پر سے پرواز
کہہ ورد ہی پاس اے غزالہ

نہ بیچون مین ہی وہ گل کو غبار
کوٹھے و نکو نشان ہین نمودار

ای خستہ جگر تو ہی ہی مہرو
مین تیرے نثار اپنا رو تو

کیا حال کیا ترا پری نے
دی مجھکو خبر نہ یہ کسی نے

